# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 31 اکتوبر ،2017

آج الیکشن کمیشن آف پاکستان نے عام انتخابات 2018ء کی تیاریوں کے حوالے سے صحافی حضرات کی آگاہی کے لئے ایک میڈیا ورکشاپ کا اہتمام کیا جس میں پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا سے تعلق رکھنے والے اسلام آباد کے صحافیوں نے شرکت کی۔ میڈیا ورکشاپ کا افتتاح ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن ڈاکٹر اختر نذیر وڑائچ نے کیا اور اپنی پریزنٹیشن میں انہوں نے عام انتخابات 2018ء کے لئے انتخابی مواد کی (Procurement) پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ اس کے بعد نئے الیکشن ایکٹ 2017ء کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ ایڈیشنل سیکرٹری ٹریننگ ظفر اقبال نے دی جس میں انھوں نے میڈیا کو نئے الیکشن قوانین کے بارے میں تفصیلات فراہم کیں۔

میڈیا کو انتخابات 2018ء میں آئی ٹی کے استعمال، ووٹر لسٹوں کی سالانہ نظر ثانی، الیکشن کرانے کا طریقہ کار کے ساتھ الیکشن کمیشن کی خواتین ووٹروں کے اندراج کے سلسلے میں بھی تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن بابر یعقوب فتح محمد نے نئے انتخابی قوانین کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور بتایا کہ اگلے عام انتخابات میں الیکشن کمیشن کو کافی اختیارات مل گئے ہیں جن کی وجہ سے الیکشن میں مزید شفافیت آئے گی۔ میڈیا ورکشاپ کے آخری حصے میں سوال و جواب کا سیشن ہوا جس میں الیکشن کمیشن کے افسران نے میڈیا کے سوالات کے جوابات دیئے۔ میڈیا ورکشاپ کا یہ سلسلہ چلتا رہے گا۔ اور یہ ورکشاپ چاروں صوبائی ہیڈ کوارٹرز میں بھی منعقد کئے جا رہے ہیں۔ ان ورکشاپ کا مقصد یہ ہے کہ میڈیا کے ذریعے عوام کو الیکشن کمیشن کے عام انتخابات 2018ء کی تیاریوں کے حوالے سے آگاہ کیا جائے اور ساتھ ہی نئے الیکشن قانون 2017ء سے بھی متعارف کرایا جائے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆